سوال

(390) مسجد میں چندہ جمع کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہماری مساجد کو جو لوگ چندہ دیتے ہیں ان میں اکثریت صرف جمعہ پڑھنے والوں کی ہوتی ہے کیا ان سے یہ چندہ لینا جائز ہے اس مسجد میں جوان پسوں سے تعمیر ہو نماز پڑھ سکتے ہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

بظاہر ایسے لوگوں سے چندہ لینے کا کوئی حرج نہیں حدیث میں ہے

«انما الاعمال بالنیات» یعنی "اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے ۔

ایسی مسجدوں میں نماز پڑھنا درست ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص695

محدث فتویٰ